امام صادق علیہ السلام آنلائن مدرسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس:۴

# تشدید

ImamSadiq.tv

- تشدید کا معنی:
  - لغوی معنی: عربی میں تشدید یعنی کسی چیز کو سخت اور محکم کرنا ہے۔
  - اصطلاحی معنی: علم تجوید کی اصطلاح میں تشدید (ــّ) اس علامت کا نام ہے کہ جو ایک خاص انداز میں تلفظ پر دلالت کرتی ہے۔
- تشدید کی علامت
  - تشدید کی علامت حرف سین کے شوشوں کی طرح ہوتی ہے ← (ــّ)
- تشدید والے حرف کا نام
  - مشدد: جس لفظ پر تشدید کی علامت ہو اسے مشدد کہتے ہیں۔
  - مثلا کلمہ اِنَّ میں نون مشدد ہے۔
- تشدید اور مشدد حرف کا تلفظ:
  - مشدد حرف کو دو بار پڑھا جاتا ہے۔ایک مرتبہ پچھلے حرف سے ملا کر اور دوسری مرتبہ خود اس کی اپنی حرکت کے ساتھ۔

اِنَّ ← اِ نْ نَ

مَنَّ ← مَ نْ نَ

- علامت کے نام کی وجہ ( وجہ تسمیہ ):
  - اس علامت کا نام تشدید اس لئے رکھا گیا ہے کیونکہ جس حرف پر یہ علامت آتی ہے اسے سختی کے ساتھ پڑھا جاتا ہے اور اس کا تلفظ شدّت کے ساتھ ادا ہوتا ہے۔

مثلا: ایَّک میں یاء – یومِ الدِّین میں دال